e-paper www.avadhnama.com

Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110

LUCKNOW

روزنامہ

# اودھ نامہ

avadhnama

Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 305 Friday , August 08 2025 Pages -8

قیمت ۳/روپیہ جلدنمبر(۲۴)شمارہ نمبر(۳۰۵) لکھنؤ،بروز جمعہ ۸-اگست ۲۰۲۵ء،مطابق ۱۳/صفرالمظفر -۱۴۴۷ھ صفحات-۸


### نئے نائب صدر کے انتخاب کا عمل شروع، انتخاب 9 ستمبر

نئی دہلی: ہندوستان کے اگلے نائب صدر کے انتخاب کا عمل باقاعدہ طور پر شروع ہو چکا ہے۔ انتخابی کمیشن نے 9 ستمبر کو ہونے والے انتخاب کے لیے بدھ کو نوٹیفکیشن جاری کردی، جس کے ساتھ ہی نامزدگی کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق، امیدوار 21 اگست تک اپنی نامزدگی داخل کر سکتے ہیں۔ جمع کرائے گئے دستاویزات کی جانچ 22 اگست کو کی جائے گی، جب کہ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 25 اگست مقرر کی گئی ہے۔ یہ انتخاب اس وقت ناگزیر ہوگیا جب موجودہ نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے اچانک صحت کی وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے 21 جولائی کو استعفیٰ دے دیا۔ ان کی مدت کار اگست 2027 میں ختم ہونی تھی، تاہم اب ان کے استعفے کے بعد یہ عہدہ خالی ہوگیا ہے۔

### سپریم کورٹ، الہ آباد ہائی کورٹ کے فیصلے پر دوبارہ سماعت کرے گا

نئی دہلی، 7 اگست (یو این آئی): سپریم کورٹ جمعہ کو الہ آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس پرشانت کمار کے ایک متنازع فیصلے پر دوبارہ سماعت کرے گا۔ سپریم کورٹ نے ایک دیوانی تنازع میں حیرت کا اظہار کرتے ہوئے جسٹس پرشانت کمار کو ان کی ریٹائرمنٹ تک تمام فوجداری مقدمات واپس لینے کا حکم دیا تھا۔ جسٹس جے بی پاردی والا اور جسٹس آر مہادیون کی بینچ شکھر کیمیکلز کی جانب سے دائر کی گئی خصوصی اجازت کی عرضی پر غور کرے گی۔ حالانکہ سپریم کورٹ پہلے ہی اس مقدمے کا فیصلہ کر چکا تھا، لیکن بینچ نے 4 اگست کے اپنے حکم میں ہائی کورٹ کے سنگل بینچ کے جج کے فیصلے پر شدید اعتراض کرتے ہوئے کہا تھا کہ متعلقہ جج نے نہ صرف خود کو بدنام کیا ہے بلکہ انصاف کا مذاق بھی اڑایا ہے۔

# ہند-امریکہ تجارتی معاہدہ ہوگا تو برابری کی بنیاد پر ہوگا

## ہندوستان پر غیر اخلاقی دباؤ ڈالنے کی ششیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی: وزیر اعظم مودی



وزیر اعظم نریندر مودی نے محض 50 سیکنڈ میں سابق امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے 50 فیصد ٹیرف (درآمدی ٹیکس) کی دھجیاں اُڑا دیں۔ پہلی بار مودی نے نہ صرف ٹرمپ بلکہ اُن اپوزیشن پارٹیوں کو بھی سخت جواب دیا جو اُن کے ساتھ کھڑی نظر آ رہی ہیں۔ مودی کا یہ بیان پوری دنیا کو یاد رہے گا۔ قابلِ غور بات یہ ہے کہ جب وزیر اعظم مودی بھارت کے کسانوں اور کروڑوں عوام کے مفاد میں امریکہ سے ٹکر لے رہے ہیں، عین اُسی وقت راہل گاندھی اور دیگر اپوزیشن رہنما ٹرمپ کے حق میں کھڑے ہو کر مودی سے اختلاف کر رہے ہیں۔ لیکن مودی نے صرف 50 سیکنڈ میں سب کو ایسا دوٹوک جواب دیا کہ برسوں تک یاد رکھا جائے گا۔ ڈونالڈ ٹرمپ نے بھارت پر پہلے ہی 25 فیصد ٹیرف لگایا تھا، اب انہوں نے اُسے بڑھا کر 50 فیصد کر دیا ہے۔ اس فیصلے پر انہوں نے دستخط بھی کر دیے ہیں اور 27 اگست تک کی ڈیڈلائن بھی مقرر کی گئی ہے۔ اسی دوران وزیر اعظم مودی نے ٹرمپ کو زوردار جواب دیا۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ اگر بھارت، امریکہ کے ساتھ کوئی تجارتی معاہدہ کرے گا تو وہ صرف اپنی شرائط پر ہوگا، اور وہ بھی برابری کی بنیاد پر۔ کسی کو فوقیت یا کمزوری کا فائدہ نہیں دیا جائے گا۔ مودی نے اس امریکی فیصلے کی شدید مذمت کی اور کہا کہ بھارت پر غیر اخلاقی دباؤ ڈالنے کی یہ کوششیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی۔ بھارت اپنے کسانوں، زراعت اور خودداری کے ساتھ کھڑا ہے۔ مودی نے دوٹوک انداز میں کہا کہ بھارت، ٹرمپ کی شرائط کو کبھی قبول نہیں کرے گا۔ وزیر اعظم نے یہ بھی تسلیم کیا کہ اُن کے اس موقف کا انہیں بھاری نقصان ہو سکتا ہے، لیکن وہ اس کے لیے تیار ہیں، کیونکہ وہ ہمیشہ اپنے ملک کے کسانوں کے حق میں ہی فیصلہ کریں گے۔ جب ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ چین تو روس سے بھارت سے کئی گنا زیادہ تیل خرید رہا ہے، پھر صرف بھارت کو کیوں نشانہ بنایا جا رہا ہے؟ تو ٹرمپ نے اکڑ کے ساتھ کہا، "ابھی تو 50 فیصد ٹیرف لگے صرف آٹھ گھنٹے ہوئے ہیں، آگے دیکھو میں کیا کچھ کرتا ہوں۔" جب ٹرمپ یہ باتیں کر رہے تھے، بھارت میں رات کا وقت تھا۔ لیکن صبح ہوتے ہی وزیر اعظم مودی نے امریکہ میں جیسے بھونچال پیدا کر دیا۔ مودی نے امریکہ کی "گردن" براہِ راست "پکڑ لی"۔ یہ پہلا موقع ہے جب وزیر اعظم مودی نے امریکہ کو کھلی اور سخت وارننگ دی ہے۔ ٹرمپ چاہتے تھے کہ امریکہ کی غیر قدرتی خوراک سے تیار شدہ دودھ بھارت میں بیچا جائے، اور بھارتی کسانوں کا حق مارا جائے۔ مگر اس کے جواب میں مودی کا اعلان دنیا بھر میں وائرل ہو رہا ہے۔

# الیکشن کمیشن ووٹ چوری چھپانے میں بی جے پی کا ساتھی

## ثبوت مٹانے کی کوشش: راہل گاندھی




نئی دہلی۔ راہل گاندھی نے الیکشن کمیشن پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ ووٹر لسٹ میں بڑے پیمانے پر جعل سازی، فرضی ووٹروں کا اندراج اور انتخابی نتائج میں ہیرا پھیری کے ذریعے بی جے پی کو فائدہ پہنچایا جا رہا ہے۔ ان کا مکمل بیان درج ذیل ہے: ہمیں اور کروڑوں لوگوں کو شبہ تھا کہ دال میں کچھ نہ کچھ کالا ہے۔ بی جے پی کو اینٹی انکمبسی کا اثر نہیں ہوتا تھا، اوپینین پول، ایگزٹ پول کچھ کہتے، نتائج کچھ اور آتے تھے۔ مدھیہ پردیش، ہریانہ، مہاراشٹر اس کی مثال ہیں۔ ماحول بنایا جاتا کہ اس وجہ سے جیتے، پلوامہ، سندور، لاڈلی بہن۔ پھر الیکشن کمیشن کو ریوگراف شیڈول بناتا۔ جب کاغذ سے ووٹ ڈالے جاتے تھے تو ہندوستان ایک دن میں ووٹ کرتا تھا۔ مگر اب الیکٹرانک ووٹنگ مشین ہے، مہینے لگتے ہیں۔ یوپی کے پانچ مراحل، مہاراشٹر کے کئی مراحل، اس پر بھی کچھ انتخابات کا وقت بھی تبدیل کر دیا جاتا تھا۔ اس کے بعد مہاراشٹر میں پانچ مہینوں میں پانچ سال سے زیادہ ووٹر ووٹر لسٹ میں ہیں۔ لوک سبھا میں ہمارا اتحاد جیت درج کرتا ہے لیکن اسمبلی انتخابات میں دھجیاں اڑ جاتی ہیں، پتہ بھی نہیں لگتا اتحاد کہاں گیا۔ ایک کروڑ نئے ووٹروں نے اسمبلی میں ووٹ دیا۔ الیکشن کمیشن نے بیان دیا کہ ساڑھے پانچ بجے کے بعد بھاری ووٹنگ ہوئی جبکہ ہمارے پولنگ بوتھ کے ورکرز نے بتایا کہ کوئی بھاری ووٹنگ نہیں ہوئی۔

# راہل گاندھی نے پختہ ثبوتوں کے ساتھ سچائی ملک کے سامنے رکھ دی

## 5 طریقوں سے ہوئی ووٹوں کی دھاندلی: پرینکا گاندھی

حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی نے آج پریس کانفرنس میں ووٹ چوری سے متعلق جس انداز میں ثبوت پیش کیے، وہ کئی لوگوں کے لیے آنکھیں کھولنے والا ہے۔ انھوں نے پارٹی سطح پر کئی ماہ کی محنت کے بعد تیار ڈاٹا سامنے رکھتے ہوئے بتایا کہ مبینہ طور پر الیکشن کمیشن کس طرح بی جے پی کو فائدہ پہنچا رہا ہے۔ کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے بھی راہل گاندھی کے ذریعہ پیش کردہ ثبوتوں کو انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیا ہے۔ انھوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر راہل گاندھی کے پریس کانفرنس کی ایک مختصر ویڈیو شیئر کی ہے، جس میں وہ الزام عائد کر رہے ہیں کہ 5 طریقوں سے ووٹوں کی دھاندلی کی گئی ہے۔ پرینکا گاندھی نے اس سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا ہے کہ "ہم نے کرناٹک کی ایک اسمبلی مہادیو پورہ علاقہ کی جانچ کی اور پایا کہ یہاں 100250 ووٹوں کی چوری کی گئی۔ 5 طریقوں سے یہ فرضی ووٹ لسٹ میں جوڑے گئے۔" اس کے بعد کانگریس رکن پارلیمنٹ نے وہ 5 طریقے بھی بتائے ہیں اور یہ ڈاٹا بھی پیش کیا ہے کہ کس طریقے سے کتنے ووٹوں کی مبینہ دھاندلی مہادیو پورہ اسمبلی حلقہ میں ہوئی۔ وہ طریقے اور ڈاٹا اس طرح ہیں: 11965 ڈپلی کیٹ ووٹرس بنائے گئے، 40009 فرضی پتوں کا استعمال ہوا، 10452 ووٹر بڑی تعداد میں ایک ہی پتہ پر رجسٹر کیے گئے، 4132 ووٹرس بغیر تصویر یا جائز تصویر کے ساتھ جوڑے گئے، 33692 نئے ووٹرس فارم-6 کا غلط استعمال کر کے جوڑے گئے۔ مذکورہ بالا تفصیلات پیش کرنے کے بعد پرینکا گاندھی لکھتی ہیں کہ "حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی جی نے پختہ ثبوتوں کے ساتھ یہ سچائی ملک کے سامنے رکھ دیا ہے کہ کس طرح انتخابات میں دھاندلی کر کے جمہوریت کو ختم کیا جا رہا ہے۔"

# سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں کنٹرول روم مسلسل فعال رہیں: یوگی



لکھنؤ: 7 اگست۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج لوک بھون میں اعلیٰ سطحی افسران کے ساتھ اہم اجلاس کیا۔ اس موقع پر انھوں نے "ترقی یافتہ بھارت ترقی یافتہ اتر پردیش 2047" کے وژن دستاویز، ریاست میں سیلاب کی صورت حال، متاثرہ افراد کو امدادی سامان کی فراہمی، رکشا بندھن کے موقع پر خواتین کے لیے مفت بس سفر اور آئندہ اسمبلی اجلاس کے سلسلے میں اہم ہدایات جاری کیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ وژن دستاویز ریاست کے مستقبل کی سمت طے کرے گا۔ ہمیں ترقیاتی اہداف طے کر کے ان کے نفاذ کی حکمت عملی مرتب کرنی ہے۔ آئندہ اسمبلی اجلاس میں اس وژن پر 24 گھنٹے کی بحث کا منصوبہ ہے، اس لیے ہر محکمہ گزشتہ آٹھ سالوں کی اپنی کارکردگی کا جامع اور

## رکشا بندھن پر ملیں گے خواتین کو تحفے

مختصر نوٹ تیار کرے تا کہ وزرا عوام کے سامنے اپنی رپورٹ پیش کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اتر پردیش کو ایک مثالی ریاست بنانے کے سفر میں عوام کی شمولیت ناگزیر ہے۔ وژن 2047 میں عوام کی امنگیں اور تجاویز شامل کی جائیں۔ اس مقصد کے لیے جلد ہی ایک کیو آر کوڈ جاری کیا جائے گا تا کہ لوگ اپنے مشورے دے سکیں۔ یہ کیو آر کوڈز سرکاری دفاتر، پنچایت بھون، اسپتالوں اور بس اڈوں جیسے عوامی مقامات پر آویزاں کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے افسران کو ہدایت دی کہ اسمبلی اجلاس میں ارکان اسمبلی کے سوالات کے جوابات مدلل، معیاری اور موضوع کے مطابق ہوں۔ سینئر افسران خود ان جوابات کا جائزہ لیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ آٹھ سالوں میں تمام محکموں نے عمدہ کام کیا ہے، اس کو مثبت انداز میں پیش کیا جائے۔


# دفتر-نگرپالیکا پریشد، ٹانڈہ-امبیڈکرنگر

مکتوب نمبر: 383/ن.پا.پری.ٹا./اشتہار/ 2025-26

بتاریخ:- 07/08/25

स्वच्छ सर्वेक्षण 2025

स्वच्छ भारत — एक कदम स्वच्छता की ओर

## اودھ نامہ اخبار کے 25 ویں یوم تاسیس کے موقع پر

## نگرپالیکا پریشد ٹانڈہ، ضلع امبیڈکرنگر کے شہریوں سے اپیل












1. شہر کو شفاف اور صاف ستھرا بنائے رکھنے میں اپنا تعاون فراہم کریں۔
2. عوامی مقامات وراستے پر کوڑا کچرہ نہ پھینکیں، کوڑا کچرہ صرف کوڑادان میں ہی ڈالیں۔
3. اپنے گھروں میں گیلا وسوکھا کوڑا الگ الگ ذرائع میں الگ کر کے اکٹھا کرنے کیلئے ونیلے رنگ کے ڈسٹ بن کا استعمال کریں۔
4. سوکھا کوڑا ہرے ڈسٹ بن میں اور گیلا کوڑا نیلے ڈسٹ بن میں جمع کریں۔
5. اپنے گھروں کا کوڑا ڈور ٹو ڈور کوڑا کلیکشن کرنے والے صفائی ملازمین کو ہی دیں۔
6. کھلے میں بیت الخلا نہ جائیں۔ اپنے گھروں میں ٹوائلٹ کا استعمال کریں اور عوامی وکمیونٹی ٹوائلٹ کا استعمال کریں۔
7. ممنوعہ پالی تھین کا استعمال نہ کریں اور نہ ہی دوسروں کو کرنے دیں۔ پالی تھین ماحولیات کیلئے مضر ہے۔ ممنوعہ پالی تھین/ کیری بیگ کے استعمال کرنے وفروخت کرتے پائے جانے پر 25000.00 روپئے تک کا جرمانہ ہوسکتا ہے۔
8. تعمیری ومسماری اشیا/ ملبہ کو روڈ کی پٹریوں اور عوامی مقامات پر نہ رکھیں ورنہ خلاف ورزی کی صورت میں 5000.00 روپئے تک جرمانے کی وصولی کی کارروائی کی جائے گی۔
9. پانی انمول ہے اس کی حفاظت اور خوش اسلوبی سے استعمال کریں۔
10. عوامی سڑکوں، گلیوں اور نالیوں پر ناجائز قبضہ نہ کریں۔
11. کھلے مقامات/ زمین پر درخت لگائیں، ماحولیات کو محفوظ بنائیں۔
12. نگرپالیکا پریشد ٹانڈہ کے سبھی بلوں/ٹیکسوں کی ادائیگی وقت سے کریں۔
13. ہیٹ ویو/لو سے اپنا بچاؤ ضرور کریں۔



**(اروند ترپاٹھی)**
نائب ضلع مجسٹریٹ/ ایگزیکٹیو آفیسر
نگرپالیکا پریشد ٹانڈہ
امبیڈکرنگر

**(سبھی معزز کارپوریٹرس)**
نگرپالیکا پریشد ٹانڈہ
امبیڈکرنگر

**(شبانہ ناز)**
چیئرپرسن
نگرپالیکا پریشد ٹانڈہ
امبیڈکرنگر

# خاندان - بڑی سماجی قوت

مفتی محمد ثناء الہدیٰ قاسمی



انسان ایک سماجی جاندار ہے، وہ سب سے الگ رہ کر زندگی نہیں گذار سکتا، اسے ہرپل خدائی مدد کے ساتھ تدبیر کے درجے میں اپنوں کی ضرورت پڑتی ہے، یہ اپنے عام حالات میں خاندان کے افراد ہوتے ہیں، اس وجہ سے کہ وہ آپ کے گرد وپیش اور قریب رہتے ہیں اور کسی بھی حادثے، واقعات اور پریشانیوں کی اطلاع پہلے انہیں کو ہوتی ہے، اس لیے وہ انسانوں کے لیے بڑے اہم ہوتے ہیں، ادھر چند دہائیوں سے نئی نسل کی توجہ خاندان کی طرف سے ہٹ گئی ہے اور انفرادی زندگی گذارنے کا مزاج نئی نسل میں تیزی سے بڑھا ہے، اس مزاج اور سوچ کو بنانے میں خاندان کی عورتوں کا بڑا دخل ہوتا ہے، بھائی بھائی کے ہر جھگڑے کے پیچھے عموماً ان کی بیویوں کا ہاتھ ہوتا ہے، بیویاں صرف اپنا سوچتی ہیں، انہیں خاندان سے کچھ لینا دینا نہیں ہوتا، دوسرے بھائی کی بیوی کے خلاف ان کے کان بھرنے کی وجہ سے ادب واحترام بھی ختم ہوتا ہے اور خانگی زندگی اس قدر متاثر ہوتی ہے کہ بھائی بھائی آپس میں بنٹ جاتے ہیں، پھر دھیرے دھیرے وہ خاندان سے کٹ جاتے ہیں اور ان کا حال کٹی پتنگ سا ہوتا ہے جسے ہوا کا ہلکا سا جھونکا کسی پیڑ کی جھاڑ تک پہونچا کر اس کے وجود کو ہی مٹا دیتا ہے، اس لیے خاندان سے جڑے رہیے، کیوں کہ وہ آپ کے دل کی دھڑکنیں سنتے ہیں، آپ کے جذبات واحساسات کو محسوس کرتے ہیں، غلطی کی اصلاح کے لیے حوصلہ بڑھاتے ہیں، عالمی سروے سے پتہ چلتا ہے کہ خاندان فرد کی پہچان اور جذباتی استحکام کا سب سے بڑا ذریعہ ہے، جن خاندانوں میں رشتے استوار ہوتے ہیں، مضبوط ہوتے ہیں، اس کے افراد ذہنی تناؤ کے شکار نہیں ہوتے اور مقاصد کے حصول کے تئیں قدم آگے بڑھانے میں پر اعتماد ہوتے ہیں، خاندان صرف پیار ہی نہیں دیتا مختلف موقعوں سے وہ یہ بھی بتاتا ہے کہ ہماری کوشش اور محنت کا صحیح رخ کیا ہو سکتا ہے، جب زندگی کی راہیں دھندھلی ہو جاتی ہیں اور مقاصد کا حصول غیر یقینی معلوم ہوتا ہے، تو خاندان آگے بڑھ کر ہمیں مایوسی کے دلدل سے نکالتا ہے، جن خاندانوں میں آپسی رشتے بہت مضبوط ہوتے ہیں، وہ مشورے سے ایسی راہ نکال لے جاتے ہیں جو منزل مقصود تک پہونچانے والی ہوتی ہے، وہ مشکلات کا مقابلہ خود اعتمادی کے ساتھ کرنے پر قادر ہوتے ہیں، خاندان کا اتحاد دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے بچاتا ہے اور ان کی ہمت نہیں ہوتی کہ وہ متحد خاندان کے خلاف اقدام کرسکیں۔



خاندان کے جو بڑے بوڑھے ہوتے ہیں، وہ اپنے تجربات سے نئی نسلوں کی آبیاری کرتے ہیں، ان کی حیثیت خاندان میں راہ بر کی ہوتی ہے، جب تک وہ ساتھ رہتے ہیں بچوں کو اکیلا پن نہیں محسوس ہوتا، حالاں کہ ٹی وی اور سوشل میڈیا کے دور میں ان رشتوں میں بھی کمزوری آئی ہے، اب نہ دادی ماں کے پاس انبیاء کے قصے سنانے کا وقت ہے اور نہ ہی پوتوں کے پاس ان کے ہوپلے منہ اور توتلی زبان سے ان نصیحتوں کو سننے کا حوصلہ، پھر بھی جن خاندانوں میں دادا دادی ہوتے ہیں، ان کی حیثیت شجر سایہ دار کی ہوتی ہے، جس کے سایے میں ان کے پوتے پوتیوں کو آرام، حوصلہ، جینے کی راہ، مشکلات سے نمٹنے کا سلیقہ معلوم ہوتا ہے۔

والدین خاندان کی سب سے اہم کڑی ہوتے ہیں، وہ اپنے بچوں کو پال پوس کر بڑا کرتے ہیں، خود بھوکے رہ کر بھی بچوں کو کھلاتے ہیں، اپنے کپڑے جیسے بھی ہوں، بچوں کے لیے اچھے کپڑوں کا انتظام کرتے ہیں، اپنی آرام وراحت کا انہیں خیال نہیں ہوتا، لیکن وہ بچوں کو اپنی صلاحیت کے مطابق راحت وآرام پہونچانے کا کام کرتے ہیں، اپنے بچوں کے ذریعہ کیے گیے گیلے بستر پر جاڑے کی یخ بستہ راتوں میں سوجاتے ہیں اور انہیں خشک بستر فراہم کرتے ہیں، یہی بچے بڑے ہوکر عموماً اپنی بیوی کی باتوں میں آکر والدین سے کٹ جاتے ہیں، انہیں اپنے آرام کا تو خیال ہوتا ہے، بوڑھے ماں باپ اور ان کی ضرورتوں کا خیال نہیں رہتا، ان کو وقت پر ناشتہ نہیں مل رہا ہے، وہ بن کھائے ڈیوٹی جارہے ہیں، کھانے میں کچی روٹیاں مل رہی ہیں، اس کی انہیں قطعاً پرواہ نہیں ہوتی، اس لیے کہ وہ اپنی بیویوں کے زن مرید بن چکے ہوتے ہیں، وہ دن کو رات کہہ دیں تو وہ آسمان کی طرف اشارہ کرکے کہنے سے نہیں چوکتے کہ دیکھو وہ چاند تارے نکل آئے ہیں، ایسی ناخلف اولادیں ان کے بنائے ہوئے گھر سے انہیں کو نکال دیتی ہیں، بوڑھے ماں باپ یہ حوصلہ نہیں دکھا پاتے کہ سب کچھ ہمارا ہے، تم کون ہوتے ہو نکالنے والے کہہ کر بچوں کو خانہ بدر کردیں، بیت الضعفاء (اولڈ ایج ہوم) میں بوڑھوں کو منتقل کرنا اسی سوچ کا نتیجہ ہوا کرتا ہے، ایسے ناخلفوں کا حشر اچھا نہیں ہوتا، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں دیر ہے اندھیر نہیں، جن لوگوں کے پاس مضبوط خاندانی بندھن ہوتے ہیں، اس کا احساس ہی انہیں نفسیاتی طور پر مضبوط رکھتا ہے، خاندان کے لوگ ان کی ترجیحات پر توجہ دیتے ہیں اور یہی جذبہ انسان کو جہد مسلسل، سعی پیہم اور ذہنی اعتبار سے توازن بخشتا ہے۔

جب آدمی ایک دوسرے سے رشتوں کی دوڑ میں جڑا رہتا ہے اور مسلسل باہمی تعاون کے ساتھ کام کرتا ہے تو وہ مستقبل میں بھی دوسرے معاملات ومسائل میں باہمی تعاون پر قادر ہے، وہ اپنے والدین اور خاندان کو دیکھتا ہے کہ وہ اعلیٰ اقدار کے حامل ہیں، فرائض میں کوتاہی نہیں کرتے تو بچے بھی ان کی اہمیت اور قدر وقیمت کو سمجھنے لگتے ہیں، ضابطوں کی پابندی، ڈسی پلین اور روزمرہ کے کاموں میں سلیقہ مندی ان کی زندگی کا حصہ بن جاتا ہے، جو آگے کی زندگی میں انہیں بہت کام آتا ہے۔

اب یہاں پر یہ سوال بڑا اہم ہوجاتا ہے کہ خاندانی رشتوں کو برقرار رکھنے اور ان کو استحکام بخشنے کے لیے کیا کرنا چاہیے، سب سے پہلے ڈیجیٹل ایج میں ضروری ہے کہ خاندان کے افراد روزانہ یا کم از کم ہفتہ میں ایک ساتھ ضرور بیٹھیں، ساتھ میں کھائیں پکیں، دن ورات میں سونے کے پہلے کا ایک حصہ ''نو اسکرین آور'' یا فیملی میٹ نائٹ کے نام مقرر کرلیں، یہ آپ کی صحت کے لیے بھی اچھا ہوگا اور خاندانی روابط بھی اس سے مضبوط ہوں گے، جس طرح ہم لوگوں سے یہ پوچھتے ہیں کہ کیا کھانا ہے؟ کیا چاہیے؟ اس کے ساتھ یہ بھی دریافت کرتے رہنا چاہیے کہ تم کیسا محسوس کررہے ہو، اس سوال کے ذریعہ آپ گھر کو خاندان کے رہنے کی جگہ سے اوپر لے جائیں گے اور وہ ایک دوسرے کی سننے اور سمجھنے کی جگہ بن جائے گا، جن خاندانوں میں آپس میں کہنے، سننے اور سمجھنے کا مزاج ہوتا ہے، وہ زیادہ مطمئن اور خوش رہتے ہیں، خوشی کے معنی بھی مختلف خاندانوں میں الگ الگ ہوتے ہیں، اس لیے دوسرے کی خوشی کا موازنہ اپنی خوشی سے نہ کریں، بلکہ اپنی خوشی کا معیار طے کرتے وقت اپنے سے نیچے والوں کو دیکھیں کہ وہ کن محرومیوں اور بے بسی کے ساتھ زندگی گذار رہے ہیں، ایسا کرنے سے آپ کے اندر شکر کے جذبات بھی پیدا ہوں گے اور خوشی کا احساس بھی ہوگا، مثلاً آپ کے پاس جوتے نہیں ہیں اور والدین کے پاس ایسی سکت نہیں ہے کہ جوتے خرید کر دے سکیں، ایسے میں اگر آپ کی نگاہ کسی ایسے شخص پر پڑتی ہے، جس کے پاس پاؤں ہی نہیں ہیں، یا پاؤں تو ہے وہ چل نہیں پارہا ہے تو آپ جوتے نہ ملنے کی بات بھول جائیں گے اور آپ کا دل بارگاہ الٰہی میں سجدہ شکر بجالائے گا کہ آپ کے پاس پاؤں ہے اور آپ چل بھی سکتے ہیں۔

خاندان کو جوڑے رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ایک دوسرے کے جذبات واحساسات کو سمجھنے میں غلطی نہ کریں، کیوں کہ خوف، غصہ، جوش کے اسباب داخلی ہوا کرتے ہیں، اس کو ''اووری ایکشن'' غیر ضروری انفعالی کیفیت کہہ کر ٹالنا نہیں چاہیے، سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے، اس سے خاندان کے افراد کو یہ بھروسہ ہوگا کہ ہماری بات سنی اور سمجھی جائے گی، اس احساس کی وجہ سے وہ گھر کو محفوظ تصور کریں گے، امریکن سائکلوجیکل ایسوسی ایشن کے مطالعہ کی رپورٹ کے مطابق جب آپ اپنی پریشانیوں کو خاندان کو منتقل کرتے ہیں تو تناؤ ہارمون کارٹی سول کی سطح 27% فی صد آجاتی ہے، ہارورڈ میڈیکل اسپورٹ کی رپورٹ بتاتی ہے کہ جب لوگ محسوس کرتے ہیں کہ انہیں سنا جارہا ہے تو عزت نفس کا جذبہ فروغ پاتا ہے، اس سے خاندان میں اتحاد کی فضا پروان چڑھتی ہے، ہارورڈ ہیلتھ کی رپورٹ یہ بھی بتاتی ہے کہ جب ہم خاندان کے ساتھ وقت گذارتے ہیں، ان کے بارے میں سوچتے ہیں تو ہمارے اندر سے خوف کی نفسیات کم ہوتی ہے۔

رشتے ڈیوٹی نہیں ہیں کہ انہیں نظام الاوقات کے بندھے ٹکے اوقات سے جوڑ کر رکھا جائے، ضروری نہیں کہ کوئی ضرورت ہو تبھی خاندان کے افراد سے ملا جلا جائے، وقت بے وقت، ضرورت بلا ضرورت بھی ایک دوسرے سے مربوط رہنا، حال چال پوچھتے رہنا رشتوں کو مضبوط کرتے ہیں اور آدمی کو یہ خیال رہتا ہے کہ خاندان کے لوگوں کو ہماری فکر رہتی ہے، ان تمام کے باوجود رشتوں میں ناراضگی پیدا ہوتی رہتی ہے، یہ ایک فطری عمل ہے، ایسا کچھ ہوجائے تو اس کو کل کے لیے نہیں چھوڑنا چاہیے، فوراً نمٹانے کی کوشش کرنی چاہیے، غصہ، مایوسی، تھکان انسانی خصلت ہے، اگر یہ دل ودماغ میں بس جاتے ہیں تو خاندان کو بچانا آسان نہیں ہوتا، اس لیے پہلی فرصت میں اسے آپس میں بیٹھ کر حل کرلینا چاہیے، تاکہ یہ خاندانی نزاع کا سبب نہ بن جائیں اور ٹکراؤ کا ماحول نہ پیدا ہو، خاندان کو مربوط رکھنے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ بڑے فیصلے اکیلے نہیں، اجتماعی مشورے سے کریں، شریعت نے بھی مشورہ کا حکم دیا ہے، آپ جب کوئی فیصلہ خود سے کرلیتے ہیں اور خاندان کے لوگ اس میں شریک نہیں ہوتے تو انہیں محسوس ہوتا ہے کہ فیصلہ ہم پر تھوپ دیا گیا ہے، فیصلہ میں شریک ہوکر عمل کرنا اور تھوپے ہوئے کام کی تکمیل دونوں میں بڑا فرق ہوتا ہے، ایک میں کام کے ساتھ دل اور دماغ بھی لگتا ہے اور دوسرے میں عمل صرف مشینی انداز کا ہوتا ہے۔

ہر کامیابی کو صرف اپنے سے نہ جوڑیں بلکہ خاندان کے دیگر افراد نے جس حد تک ساتھ دیا، تعاون کیا، اس کا بھی ذکر کیا جائے، یقیناً بعض لوگ دور دور ہی رہتے ہیں اور ان کا تعاون کسی درجہ میں مل نہیں پاتا، اس کے باوجود ان کو اپنے سے دور نہ ہونے دیں اور کامیابیوں کا سہرا خاندان کے سر ڈال دیں، اس سے رشتے متوازن اور استوار رہیں گے۔

جب بھی بچے کسی مہم میں ناکام ہوجائیں تو ان کا حوصلہ بڑھانے کے لیے اپنی زندگی کی ناکامیوں کا تذکرہ کیجیے اور بتائیے کہ اس ناکامی نے میرے لیے کامیابی کے دوسرے بہت سے دروازے کھولے اور آج میں اس مقام تک پہونچا، انہیں یہ بھی بتائیے کہ اللہ کی رحمت سے ناامید نہیں ہونا چاہیے اور یہ کہ ناامید تو وہ ہوتے ہیں جو اللہ کو نہیں مانتے۔

نائب ناظم امارت شرعیہ، پٹنہ

☆☆☆☆☆

# کلام اقبالؒ اور پیام سید مودودیؒ

پروفیسر سعید احمد

ترتیب: عبدالعزیز

یہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدے سے دیتا ہے آدمی کو نجات

ایمان باللہ، انسان کو پستی و ذلت سے اٹھا کر خودداری وعزتِ نفس کے بلند ترین مدارج پر پہنچا دیتا ہے۔ جب تک اس نے خدا کو نہ پہچانا تھا، دُنیا کی ہر طاقت ور چیز، ہر نفع یا ضرر پہنچانے والی چیز، ہر شان دار اور بزرگ چیز کے سامنے جھکتا تھا، اس سے خوف کھاتا تھا، اس کے آگے ہاتھ پھیلاتا تھا، اس سے اُمیدیں وابستہ کرتا تھا مگر جب اس نے خدا کو پہچانا تو معلوم ہوا کہ جن کے آگے وہ ہاتھ پھیلا رہا تھا وہ خود محتاج ہیں۔ یہ علم حاصل ہونے کے بعد وہ تمام دُنیا کی قوتوں سے بے نیاز اور بے خوف ہوجاتا ہے۔ خدا کے سوا اس کی گردن کسی کے آگے نہیں جھکتی۔ خدا کے سوا اس کا ہاتھ کسی کے آگے نہیں پھیلتا۔ خدا کے سوا کسی کی عظمت اس کے دل میں نہیں رہتی۔ خدا کو چھوڑ کر وہ کسی دوسرے سے اُمیدیں وابستہ نہیں کرتا۔ (اسلامی تہذیب اور اس کے اصول ومبادی، ص 126-128)

یہ کائنات ابھی ناتمام ہے شاید
کہ آرہی ہے دمادم صدائے 'کُن فَیَکُون'

قدرتِ الٰہی کم تر درجے کی چیزوں سے تخلیق کی ابتدا کرکے بتدریج بلند تر درجے کی چیزیں پیدا کرتی رہی ہے۔ مثلاً جمادات پہلے پیدا کیے گئے۔ اس کے بعد نباتات، پھر حیوانات اور حیوانات میں بھی کم تر درجے کے حیوانات پہلے پیدا کیے گئے اور پھر بتدریج اعلیٰ قسم کے حیوانات پیدا کیے جاتے رہے۔ یہاں تک کہ بلند ترین نوع یعنی انسان کو پیدا کیا گیا۔ قدرت کا یہی قاعدہ اس عالم پر بہ حیثیت مجموعی بھی جاری ہونا چاہیے، یعنی موجودہ نظامِ عالم بہ حیثیت مجموعی ناقص ہے۔ لہٰذا، اس کے بعد ایک دوسرا نظامِ عالم ہونا چاہیے، جو اس سے کامل تر ہو، اور اسی نظام کا نام عالمِ آخرت ہے۔ گویا موجودہ نظامِ عالم کے بعد عالمِ آخرت کا آنا قدرت کے قانون ارتقا کا ایک لازمی تقاضا ہے۔ (رسائل و مسائل، اوّل، ص 291-292)

یہی مقصودِ فطرت ہے، یہی رمزِ مسلمانی
اُخوت کی جہانگیری، محبت کی فراوانی


خدا کی راہ میں کام کرنے والے لوگوں کو عالی ظرف اور فراخ حوصلہ ہونا چاہیے، ہمدردِ خلائق اور خیرخواہِ انسانیت ہونا چاہیے۔ کریم النفس اور شریف الطبع ہونا چاہیے۔ خوددار اور خوگرِ قناعت ہونا چاہیے۔ متواضع اور منکسر مزاج ہونا چاہیے۔ شیریں کلام اور نرم خو ہونا چاہیے۔ وہ ایسے لوگ ہونے چاہئیں، جن سے کسی کو شر کا اندیشہ نہ ہو اور ہر ایک ان سے خیرخواہی کا متوقع ہو۔ جو اپنے حق سے کم پر راضی ہوں اور دوسروں کو ان کے حق سے زیادہ دینے پر تیار رہیں۔ برائی کا جواب بھلائی سے دیں یا کم از کم برائی سے نہ دیں۔ جو اپنے محبوب کے معترف اور دوسروں کی بھلائیوں کے قدردان ہوں، جو اتنا بڑا دل رکھتے ہوں کہ لوگوں کی کمزوریوں سے چشم پوشی کرسکیں، قصوروں کو معاف کرسکیں، زیادتیوں سے درگزر کرسکیں اور اپنی ذات کے لیے کسی سے انتقام نہ لیں، جو خدمت لے کر نہیں، خدمت کرکے خوش ہوتے ہوں۔ اپنی غرض کے لیے نہیں، بلکہ دوسروں کی بھلائی کے لیے کام کریں۔ ہر تعریف سے بے نیاز اور ہر خدمت سے بے پروا ہوکر اپنا فرض انجام دیں اور خدا کے سوا کسی کے اجر پر نگاہ نہ رکھیں۔ جو طاقت سے دبائے نہ جاسکیں، دولت سے خریدے نہ جاسکیں، مگر حق اور راستی کے آگے بے تامل سر جھکا دیں۔ جن کے دشمن بھی ان پر بھروسا رکھتے ہوں کہ کسی حال میں ان سے شرافت ودیانت اور انصاف کے خلاف کوئی حرکت سرزد نہیں ہوسکتی۔

یہ دلوں کو موہ لینے والے اخلاق ہیں۔ ان کی کاٹ تلوار کی کاٹ سے بڑھ کر اور ان کا سرمایہ، سیم وزر کی دولت سے گراں تر ہے۔ کسی فرد کو یہ اخلاق میسر ہوں تو وہ اپنے گرد وپیش کی آبادی کو مسخر کرلیتا ہے، لیکن اگر کوئی جماعت کی جماعت ان اوصاف سے متصف ہوجائے، تو پھر دُنیا کی کوئی طاقت اسے شکست دینے میں کامیاب نہیں ہوسکتی۔ (اسلامی تزکیۂ نفس، ص 28-29)

یہ دستورِ زباں بندی ہے کیسا تیری محفل میں
یہاں تو بات کرنے کو ترستی ہے زباں میری

دورِ ملوکیت کے تغیرات میں سے ایک اہم تغیر یہ تھا کہ مسلمانوں سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی آزادی سلب کرلی گئی۔ حالانکہ اسلام نے اسے مسلمانوں کا صرف حق ہی نہیں بلکہ فرض قرار دیا ہے۔ اسلامی معاشرہ وریاست کا صحیح راستے پر چلنا اس پر منحصر تھا کہ قوم کا ضمیر زندہ اور اس کے افراد کی زبانیں آزاد ہوں۔ ہر غلط کام پر وہ بڑے سے بڑے آدمی کو ٹوک سکیں اور حق بات برملا کہہ سکیں۔ خلافت راشدہ میں لوگوں کی یہ آزادی پوری طرح محفوظ تھی۔

خلفائے راشدینؓ اس کی نہ صرف اجازت دیتے تھے بلکہ اس پر لوگوں کی ہمت افزائی کرتے تھے۔ ان کے زمانے میں حق بات کہنے والے ڈانٹ اور دھمکی سے نہیں، تعریف اور تحسین سے نوازے جاتے تھے۔ اور تنقید کرنے والوں کو دبایا نہیں جاتا تھا بلکہ ان کو معقول جواب دے کر مطمئن کرنے کی کوشش کی جاتی تھی لیکن دورِ ملوکیت میں ضمیروں پر قفل چڑھا دیے گئے اور زبانیں بند کردی گئیں۔ اب قاعدہ یہ ہوگیا کہ منہ کھولو تو تعریف کے لیے کھولو، ورنہ چپ رہو اور اگر تمھارا ضمیر ایسا ہی زوردار ہے کہ تم حق گوئی سے باز نہیں رہ سکتے، تو قید اور قتل اور کوڑوں کی مار کے لیے تیار ہوجاؤ۔ چنانچہ جو لوگ بھی اس دور میں حق بولنے اور غلط کاریوں پر ٹوکنے سے باز نہ آئے، ان کو بدترین سزائیں دی گئیں، تاکہ پوری قوم دہشت زدہ ہوجائے۔ (خلافت وملوکیت، ص 163-164)



یہ ہماری سعیٔ پیہم کی کرامت ہے کہ آج
صوفی ومُلّا ملوکیت کے ہیں بندے تمام

حقیقت یہ ہے کہ ہمارے علمائے کرام کی اکثریت یا تو قلتِ فہم کے باعث یا کم ہمتی کے سبب سے، یا پھر اپنی نااہلی کے اندرونی احساس کی وجہ سے دین و دُنیا کی اس تقسیم پر راضی ہوچکی ہے، جس کا تخیل اب سے مدتوں پہلے عیسائیوں سے مسلمانوں کے ہاں درآمد ہوا تھا۔ انھوں نے چاہے نظری طور پر اُسے پوری طرح نہ مانا ہو، مگر عملاً وہ اسے تسلیم کرچکے ہیں کہ سیاسی اقتدار اور دُنیوی ریاست و قیادت غیر اہل دین کے ہاتھ میں رہے، چاہے یہ محدود دنیا بے دین سیاست وقیادت کی مسلسل تاخت سے روز بروز سکڑ کر کتنی ہی محدود ہوتی چلی جائے۔ اس تقسیم کو قبول کرلینے کے بعد یہ حضرات اپنی تمام تر قوت دو باتوں پر صرف کررہے ہیں:

ایک اپنی محدود مذہبی ریاست کی حفاظت، جس کے مسائل اور معاملات میں کسی کی مداخلت انھیں گوارا نہیں ہے۔

دوسرے کسی ایسی بے دین قیادت سے گٹھ جوڑ، جو مذہب کے محدود دائرے میں ان کی اجارہ داری کے بقا کی ضمانت دے دے، اور اس دائرے سے باہر کی دُنیا پر جس فسق اور ضلالت کو چاہے فروغ دیتی رہے۔ اس طرح کی ضمانت اگر کسی قیادت سے انھیں مل جائے تو یہ دل کھول کر اس کا ساتھ دیتے ہیں اور خود جان لڑا کر اسے قائم کرنے میں بھی دریغ نہیں کرتے، خواہ اس کا نتیجہ یہی کیوں نہ ہو کہ کفر والحاد اور فسق وضلالت تمام سیاسی ومعاشی اور تہذیبی قوتوں پر قابض ہوکر پورے دین کی جڑیں ہلا دے اور اس محدود مذہبیت کے پنپنے کے امکانات بھی باقی نہ رہنے دے، جس کی ریاست اپنے لیے محفوظ رکھنے کی خاطر یہ لوگ اس قدر پاپڑ بیل رہے ہیں۔ (رسائل ومسائل، دوم، ص 499-500)

☆☆☆☆

# خودکشی کسی بھی مسئلے کا حل نہیں!



حافظ افتخار احمد قادری

زندگی قدرت کا حسین عطیہ ہے لیکن لوگ اس کی قدر نہیں کرتے۔ معاشی و معاشرتی ناہمواریوں، سماج میں مناسب مقام نہ ملنے اور گھریلو حالات کے باعث نوجوان اتنے دل گرفتہ ہوتے ہیں کہ وہ موت کو زندگی پر ترجیح دینے لگتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نہ صرف بھارت بلکہ دنیا کے مختلف ممالک میں خودکشیوں کی تعداد میں ہر گزرتے دن کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق ہر سال دنیا بھر میں تقریباً دس لاکھ افراد خودکشی کرتے ہیں جن میں نوجوانوں کی تعداد زیادہ ہے۔ یہ صورتحال حقوق انسانی کی عالمی تنظیموں کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔

خودکشی سے بچاؤ کے لئے اس کے محرکات کا علم ہونا بے حد ضروری ہے کہ آخر وہ کونسی وجوہات ہیں جو ایک ہنستے کھیلتے شخص کو اتنا مایوس کردیتی ہیں کہ وہ اپنی زندگی ختم کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ ماہرین نفسیات کے مطابق نوجوانوں میں زندگی سے بے زاری کے متعدد اسباب ہیں۔ ان میں غربت، بیروزگاری، مایوسی، افسردگی، غصہ، سماجی ناانصافیاں، بنیادی حقوق کا نہ ملنا، اعتماد کی کمی اور امتحان میں کم نمبر آنا شامل ہیں جبکہ مالی اور خاندانی مسائل بھی اس کے اہم اسباب ہیں۔

اپنے ہی ہاتھوں اپنی زندگی ختم کرنے کا رجحان پندرہ سے چوبیس سال کے نوجوانوں میں زیادہ دیکھنے میں آیا ہے۔ ممبئی کا ایک نوجوان ذہین طالب علم تھا، ہمیشہ اچھے نمبروں سے پاس ہوتا تھا۔ اس نے چند سال قبل صرف اس لئے خودکشی کرلی کہ وہ چارٹرڈ اکاؤنٹینسی کے امتحان میں اپنی خواہش کے مطابق نمبر حاصل نہیں کرسکا۔ جس سے دل برداشتہ ہوکر اس نے اپنی زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ ایک اور نوجوان جو محکمہ پولیس میں ملازم تھا، نوکری ختم ہونے کے بعد اہل خانہ کی فاقہ کشی دیکھ کر ذہنی تناؤ میں مبتلا رہتا تھا۔ ایک دن گھریلو مسائل سے اتنا دل برداشتہ ہوا کہ اس نے اپنی پستول رکھ کر خود کو شوٹ کرلیا۔ قارئین غور فرمائیں کہ کوئی بھی شخص اتنا بڑا قدم اٹھانے سے پہلے ہزار بار سوچتا ہوگا، کشمکش میں مبتلا رہتا ہوگا اور وہ کسی کو بتائے بغیر اپنی پریشانیوں اور الجھنوں پر قابو پانے کے طریقے تلاش کرتا ہوگا۔ اس کے دل میں بھی جینے کی امنگ ہوتی ہوگی لیکن جب اسے زندہ رہنے کا کوئی راستہ نظر نہیں آتا تو اپنی زندگی کے خاتمے کے بارے میں غور کرنا شروع کردیتا ہے۔ نفسیاتی ماہرین کے مطابق ہر نفسیاتی بیماری کی طرح خودکشی کرنے والے شخص میں موت کو گلے لگانے سے قبل چند علامتیں ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ ایسا شخص یا تو ضرورت سے زیادہ پرجوش نظر آتا ہے یا پھر خطرناک حد تک مایوسی کا شکار۔ لیکن ہر شخص اپنی ذات میں اس قدر مگن رہتا ہے کہ وہ یہ جاننے کی کوشش بھی نہیں کرتا کہ اس کے ساتھ بیٹھا ہوا شخص کن مسائل و پریشانیوں سے دوچار ہے، اس کے ذہنی خلفشار نے اس کی زندگی کو کس نہج پر پہنچا دیا ہے۔ بیشتر نوجوان خودداری یا شرم کی وجہ سے اپنی پریشانیاں اپنے ساتھیوں کو بتانے سے گریز کرتے ہیں۔ وہ اندر ہی اندر گھٹتے رہتے ہیں۔ ایک وقت ایسا آتا ہے کہ وہ ان پریشانیوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے زندگی سے ہی چھٹکارا حاصل کرلیتے ہیں۔ اپنے مقصد میں ناکامی نوجوانوں کے ذہن میں منفی جذبات پیدا کرتے ہیں جو بعد میں خودکشی جیسے فیصلے کا سبب بن جاتے ہیں۔ کرونا جیسی بھیانک وباء کے باعث جب خود حفاظتی اقدامات اور لاک ڈاؤن کی وجہ سے دنیا بھر میں کاروبار زندگی معطل ہوگیا تو لوگ معاشی بحران کا شکار ہونے لگے۔ اس صورتحال سے خودکشیوں کی تعداد میں اضافہ ہوا جن میں بے روزگار نوجوانوں کی تعداد زیادہ منظر عام پر آئی۔

دنیا میں ہر شخص کو مسائل درپیش ہوتے ہیں۔ نوجوان اتنے باہمت ہوتے ہیں کہ جد و جہد کرکے ان پر قابو پالیتے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ نوجوانوں کے ذہنوں سے خوشی کے رجحانات کے خاتمے کے لئے این جی اوز اور سماجی تنظیمیں اپنا کردار ادا کریں۔ وہ ان کے مسائل معلوم کرکے ان کا حل تلاش کریں۔ انہیں ذہنی خلفشار سے نکالنے کے لئے ذہنی تربیت کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ اگر وہ مالی پریشانیوں کا شکار ہیں تو ان کی مالی امداد کا بندوبست کیا جائے۔ روزگار کے مواقع فراہم کئے جائیں یا مالیاتی اداروں کے تعاون سے انہیں آسان اقساط پر قرضے دلوائے جائیں تاکہ وہ چھوٹا موٹا کاروبار کرکے اپنے اہل خانہ کا پیٹ پال سکیں۔ موبائل فون اور سوشل میڈیا نے بے شمار نوجوانوں کو سماجی برائیوں کا شکار بنا دیا ہے۔ بعض اوقات وہ بلیک میلروں کے ہتھے چڑھ کر نہ صرف اپنا بلکہ اپنے گھر والوں کا سکھ چین بھی برباد کردیتے ہیں۔ انہیں اس گرداب سے نکالنے کی ضرورت ہے۔

خودکشی کے رجحان کے تدارک کے لئے والدین بھی اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ وہ اپنی اولاد کی سرگرمیوں پر گہری نگاہ رہیں۔ اگر وہ کسی پریشانی یا الجھنوں کا شکار نظر آئیں تو وہ ان سے دوستانہ ماحول میں گفت وشنید کرکے ان کے مسائل معلوم کریں۔ اگر ان کا مسئلہ معاشی پریشانی ہے تو انہیں تسلی دیں، اللہ تعالیٰ کی ذات پر یقین دلائیں۔ اگر وہ غیر اخلاقی سرگرمیوں یا سماجی برائیوں میں پڑھتے ہیں تو انہیں سیدھی راہ پر لانے کی کوشش کریں۔ اگر ان سے کوئی غلطی سرزد ہوگئی تو انہیں یقین دلائیں کہ اس غلطی کو سدھارنے میں وہ ان کی مدد کریں گے تاکہ وہ ذہنی اذیت کی انتہا تک پہنچنے یا خودکشی کے بارے میں سوچنے کے بجائے مسئلے کا حل ڈھونڈ سکیں۔ نسل نو میں خودکشی کی زیادہ وجوہات جو منظر عام پر آرہے ہیں وہ ان کے ندارد لوگوں سے تعلقات، موبائل فون پر رانگ کالز جو بعد میں عشق ومحبت میں بدل جاتی ہیں اور جو زیادہ تر صنف قوی کی جانب سے غریب اور دھوکا دہی پر مبنی ہوتی ہیں۔ بچوں سے عدم توجہی والا رویہ دوسرے سہارے تلاش کرنے کا سبب بنتا ہے۔ مفلوک الحالی اور مالی تنگ دستی کا شکار یا بے کار نوجوانوں کے ذہنوں میں خودکشی کے جراثیم پرورش پاتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوانوں کے لئے کھیل کود اور مثبت سرگرمیوں کے لئے ماحول بنایا جائے۔ ان میں جینے کا جذبہ اجاگر کیا جائے۔ یاد رہے کہ ذراسی توجہ ان میں جینے کی امنگ پیدا کرکے خودکشی کے رجحانات میں کمی پیدا کرسکتی ہے۔



iftikharahmadquadri@gmail.com

